إِنَّا أَنذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيبًا يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ

بیشک ہم نے آگاہ کر دیا ہے تم کو اس عذاب سے جو جلد ہی آنے والا ہے، اس دن دیکھ لے گا ہر شخص وہ کچھ جو آگے بھیجا اپنے ہاتھوں۔

النَّبَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

---

1. کیا بات پوچھتے ہیں لوگ آپس میں؟
2. (کیا ہے) وہ بڑی خبر؟
3. جس میں وہ کئی طرف (اختلاف) ہو رہے ہیں۔
4. یوں نہیں! اب جان لیں گے۔
5. پھر بھی یوں نہیں! اب جان لیں گے۔

6. (کیا) ہم نے نہیں بنائی زمین بچھونا؟
7. اور پہاڑ (اسکی) میخیں؟
8. اور تم کو بنایا جوڑے جوڑے،
9. اور بنائی نیند تمہاری دفع ماندگی (باعث سکون)،
10. اور بنائی رات اوڑھنا (پردہ پوش)،
11. اور بنایا دن روزگار کو۔
12. پھر چنی تم سے اوپر سات چنائی (آسمان) مضبوط،
13. اور بنایا ایک چراغ چمکتا،
14. اور اتارا نچڑتی بدلیوں سے پانی کا ریلا (بارش)،

---

15. (تا) کہ نکالیں اس سے اناج اور سبزہ،

16. اور باغ پتوں میں لپٹ رہے۔

17. بیشک دن فیصلے کا ہے ایک وقت ٹھہر رہا (مقرر)۔

18. جس دن پھونکیں نرسنگا (بگل، صور)، پھر چلے آؤ جُٹ جُٹ (فوج درفوج)۔

19. اور کھولا جائے آسمان، تو ہو جائیں دروازے۔

20. اور چلائے جائیں پہاڑ، تو ہو جائیں ریت۔

21. بیشک دوزخ ہے تاک میں،

22. شریروں کا ٹھکانا،

23. رہتے ہیں اس میں قرنوں (مدتوں)۔

24. نہ چکھیں وہاں کچھ مزہ ٹھنڈک کا، اور نہ ملے کچھ پینا،

25. مگر گرم پانی اور بہتی پیپ۔

26. (یہ) بدلہ ہے پورا۔

27. وہ تھے توقع نہ رکھتے (کسی) حساب کی،

28. اور جھٹلائیں ہماری آیتیں مکرا (جھوٹ سمجھ) کر۔

29. اور ہر چیز ہم نے گن رکھی لکھ کر۔

30. اب چکھو کہ ہم بڑھاتے نہ جائیں گے تم پر مگر مار (عذاب)۔

31. بیشک ڈر والوں (متقیوں) کو مراد ملنی ہے۔

32. باغ ہیں اور انگور،

33. اور نوجوان عورتیں ایک عمر سب کی،

34. اور پیالہ چھلکتا،

35. نہ سنیں گے وہاں بکنا (بیہودہ بات) اور نہ مکرانا (جھوٹ)۔

36. بدلہ ہے، تیرے رب کا دیا حساب سے،

37. جو رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہے بڑی مہر (محبت) والا،
(لیکن) قدرت نہیں کہ کوئی اس سے بات کرے۔

38. جس دن کھڑی ہو روح اور فرشتے قطار ہو کر۔ کوئی نہیں بولتا، مگر جس کا حکم دیا رحمٰن نے،
اور بولا بات ٹھیک۔

39. وہ دن ہے تحقیق (برحق)، پھر جو کوئی چاہے، بنا رکھے اپنے رب کے پاس ٹھکانا۔

40. ہم نے خبر سنادی تم کو ایک آفت (عذاب) نزدیک کی، جس دن دیکھ لے گا آدمی جو آگے بھیجا اسکے ہاتھوں نے،
اور کہے منکر کسی طرح میں مٹی ہوتا۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com